# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 20 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۰/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت: ۱۰:۹-۹:۰۰

***** ***** *****

## یہ آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر ہے
## سیّد معراج علی سے علاقائی خبریں سنیئے

## ::::::سرخیاں::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن آج جاری ہوگا؛ ودربھ کے پانچ حلقے شامل۔

☆ شہریت ترمیمی قانون کے نفاذ پر روک لگانے سے عدالتِ عظمیٰ انکار۔

☆ حزبِ مخالف جماعتوں کے قائدین کی ای ڈی اور سی بی آئی کے ذریعے تحقیقات کروانا آمریت؛ اُدّھو ٹھاکرے کی حکومت پر تنقید۔

☆ فرضی انکاؤنٹر کے معاملے میں پولس افسر پردیپ شرما کو عمر قید کی سزا۔

اور۔۔ ☆ وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے تقسیمِ اسناد تقریب میں 11 ہزار طلبہ کو اسنادات تفویض۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمنٹ کے عام انتخابات کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن آج جاری کیا جائے گا۔ پہلے مرحلے میں، 17 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام چار علاقوں کی 102 پارلیمانی نشستوں کیلئے رائے دہی 19 اپریل کو کی جائے گی، ان میں مہاراشٹر کے پانچ پارلیمانی حلقے رام ٹیک، ناگپور، بھنڈارا۔ گوندیا، گڈچرولی۔ چیمور، اور چندر پور بھی شامل ہیں۔ ان نشستوں کیلئے امیدوار 27 تاریخ تک کاغذات نامزدگی داخل کر سکتے ہیں۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے شہریت ترمیمی قانون CAA کے نفاذ پر روک لگانے سے انکار کر دیا ہے۔ گزشتہ ہفتے اس قانون کو نافذ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری ہونے کے بعد، اس کو چیلنج کرنے والی 237 درخواستیں عدالت میں دائر کی گئی تھیں۔ اس معاملے کی اگلی سماعت 9 اپریل کو ہوگی۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ میں کل راشٹروادی کانگریس پارٹی اور اس کے انتخابی نشان سے متعلق سنوائی کا آغاز ہوا۔ ایڈوکیٹ ابھیشیک منو سنگھوی نے شرد پوار گروپ کا موقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ گھڑی کا انتخابی نشان پچھلے پچیس سالوں سے شرد پوار کے پاس ہے، اور دعویٰ کیا کہ اگر یہ نشان کسی اور سیاسی جماعت کو دیا جاتا ہے تو رائے دہندگان بالخصوص دیہی علاقوں کے ووٹروں کو الجھن میں ڈال سکتا ہے اور رائے دہی پر اس کا اثر پڑ سکتا ہے۔ اس پر عدالت نے رائے دہندگان کے بالغ ہونے کا موقف ظاہر کرتے ہوئے شرد پوار گروپ کو بگل انتخابی نشان کا استعمال کرنے اور انتخابی کمیشن کو کسی دیگر سیاسی جماعت کو بگل کا انتخابی نشان نہ دینے کا حکم دیا۔ ساتھ ہی، عدالت نے اجیت پوار گروپ سے انتخابی نشان گھڑی کو پارٹی کے نشان کے طور پر استعمال کرتے ہوئے یہ معاملہ عدالتِ کے زیرِ سماعت ہونے کی وضاحت کرنے کا حکم بھی دیا۔

***** ***** *****

عام انتخابات کے پیشِ نظر سیاسی جماعتوں کے اجلاس اور قائدین کی باہمی ملاقاتوں میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اسی دوران مہاراشٹر نو نرمان سینا کے صدر راج ٹھاکرے نے کل نئی دہلی میں مرکزی وزیر داخلہ اور سینئر بی جے پی قائد امیت شاہ سے ملاقات کی۔ ایم این ایس لیڈر بالا ناندگاؤنکر نے بتایا کہ اس ملاقات میں مثبت بات چیت ہوئی ہے اور آئندہ چند دنوں میں دونوں قائدین کی مزید ایک ملاقات ہوگی جس کے بعد فیصلے کا اعلان کیا جائے گا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی رہائش گاہ پر کل شیوسینا کے ارکان پارلیمنٹ کا ایک نشست منعقد ہوئی۔ جس میں وزیرِ اعلیٰ شندے کو پارٹی کی جانب سے تمام فیصلے لینے کا اختیار دینے اور آئندہ ایک دو دن میں پارلیمانی نشستوں کی تقسیم کا فیصلہ لیے جانے کی اطلاع پارٹی رہنما راہل شیوالے نے دی۔

***** ***** *****

نائب وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس کی سرکاری رہائش گاہ ساگر میں کل بی جے پی لیڈروں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں قانون ساز کونسل کے سابق اسپیکر رام راجے نائیک نمبالکر اور نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے سرکردہ لیڈران موجود تھے۔ ماڈھا پارلیمانی نشست کے بارے میں اس اجلاس میں گفت وشنید کی گئی۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے اس حلقے سے موجودہ رکنِ پارلیمان رنجیت سنگھ نمبالکر کو امیدوار بنانے کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

ونچیت بہوجن اگھاڑی کے سربراہ ایڈوکیٹ پرکاش امبیڈکر نے وضاحت کی کہ ان کی پارٹی ریاست کے سات لوک سبھا حلقوں میں کانگریس امیدواروں کی حمایت کرے گی۔ کانگریس پارٹی کے قومی صدر ملکارجن کھرگے کو خط لکھ کر پرکاش امبیڈکر نے اس موقف کا اظہار کیا ہے۔ اس خط میں انھوں نے کانگریس پارٹی سے سات انتخابی حلقوں کے نام ظاہر کرنے اپیل بھی کی ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے نے حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ دیگر سیاسی جماعتوں کے قائدین اور رہنماؤں کے خلاف ای ڈی اور سی بی آئی کی معرفت تحقیقات کروانا آمریت ہے۔ ٹھاکرے کل ایوت محل ضلعے کے عمرکھیڑ میں ایک جلسہ عام سے خطاب کررہے تھے۔ کسانوں کی آمدنی دوگنی کرنے، مراٹھا تحریک وغیرہ کے مسائل پر بھی ٹھاکرے نے بی جے پی پر سخت نکتہ چینی کی۔ ٹھاکرے نے کل ناندیڑ میں بھی ایک عوامی اجتماع سے بھی خطاب کرتے ہوئے بی جے پی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے مرکزی انتخابی کمیشن کی ہدایت پر 16 میونسپل کارپوریشن کے 34 افسران کا تبادلہ کیا ہے۔ ناگپور، پمپری چنچوڑ، نئی ممبئی، کولہاپور، سانگلی۔ کپواڑہ سمیت دیگر میونسپل کارپوریشنوں کے کارگذار کمشنر اور ڈپٹی کمشنر اس میں شامل ہیں۔ ان افسران کو فوری طور پر خدمات سے فارغ کردیا گیا ہے اور بعد میں ان کو نئے عہدوں پر تقرری کے احکامات دیے جائیں گے۔

دریں اثنا، سینئر گزیٹیڈ افسر اور ریاستی شوگر کمشنر انیل کوڑے کو ریاستی معاون الیکشن کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ 2 مئی 2024 سے آئندہ تین سالوں کیلئے یہ تقرری کی گئی ہے۔

***** ***** *****

مشہور زمانہ لکھن بھیا فرضی انکاؤنٹر معاملے میں سابق پولس افسر پردیپ شرما کو سیشن کورٹ کی جانب سے باعزت رہا کرنے کے فیصلے کو کالعدم قرار دیتے ہوئے ممبئی عدالتِ عالیہ نے عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ 18 سال قبل کے معاملے میں سیشن کورٹ نے 2013 میں بائیس میں سے اکیس ملزمان کو عمر قید کی سزا سنائی تھی جبکہ شرما کو باعزت بری کیا گیا تھا۔ اس معاملے میں دیگر ملزمان کی عمر قید کی سزا کو بھی عدالتِ عالیہ نے برقرار رکھا ہے۔

***** ***** *****

گڑھ چرولی ضلعے کے اہیری تعلقے کے رین پلّی کے قریب کولامار کے جنگل میں کل صبح سویرے پولس سے ہوئی مڈبھیڑ میں چار نکسلی ہلاک ہوگئے۔ان چاروں پر تقریباً 36لاکھ روپئے کا انعام رکھا گیا تھا۔ پولس نے جائے وقوعہ سے ایک AK 47 ‘ایک کار بائن‘ دیسی ساخت کی پستول اور دیگر اشیا[4] ضبط کی ہیں۔

***** ***** *****

پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کا 25واں سالانہ تقسیمِ اسناد جلسہ کل گورنر و چانسلر رمیش بئیس کی صدارت میں منعقد ہوا۔اس دوران 11 ہزار گریجویٹس کو اسنادات تقسیم کیے گئے۔اس موقع پر گورنر نے زرعی یونیورسٹی کے طلبہ کو موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق مناسب کاشت کو فروغ دینے کا مشورہ دیا۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات میں کسی بھی طرح سے پیسوں اور طاقت کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے متعلقہ مشنریوں کو مستعد رہنے کی ہدایت چیف انتخابی افسر اور پرنسپل سکریٹری ایس۔ چوکّ لنگم نے دی ہے۔ وہ گزشتہ روز منترالیہ میں انتخابی عمل کو شفاف بنانے کیلئے تیار کیے گئے ای ایس ایم ایس ایپ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔انتخابی عمل کو غیر جانبدارانہ ماحول میں یقینی بنانے ،ضابطہ اخلاق کے دوران ریاست میں غیر قانونی طریقے سے نقد رقم کی تقسیم اور دیگر فوائد پہنچانے پر کارروائی کی جائے گی ،اور ESMS ایپ یا پورٹل کے ذریعے انتخابی کمیشن کو روزانہ اس کی اطلاع دی جائے گی۔

ریاست کے تمام ضلع کلکٹرس نے کل انتخابات سے متعلق انتظامی تیاریوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ مشنری کو ضروری ہدایات جاری کیں۔

پربھنی ضلع میں لوک سبھا انتخابات کیلئے مذہبی مقامات ،اسپتالوں یا تعلیمی اداروں اور عوامی مقامات کے قریب سیاسی جماعتوں کے عارضی دفاتر قائم کرنے پر پابندی عائد کی گئی ہے۔کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے نے کل اس سے متعلق احکامات جاری کیے۔ یہ پابندیاں انتخابی عمل کے اختتام یعنی 6 جون تک نافذ العمل رہیں گی۔

ناندیڑ ضلعے میں بھی ضابطۂ اخلاق پر عمل آوری کے نقطۂ نظر سے انتظامیہ نے پابندیاں عائد کی ہیں۔ضلع کلکٹر ابھیجیت راوت نے یہ احکامات جاری کیے ہیں۔

انتخابات کے دوران ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی شکایات قبول کرنے کیلئے سی ویجل موبائل ایپ انتخابی کمیشن کی جانب سے متعارف کروایا گیا ہے۔ لاتور ضلع کلکٹر دفتر میں اس کیلئے علیحدہ خصوصی روم قائم کیا گیا ہے۔ضلع کلکٹر اور ضلع انتخابی افسر ورشا ٹھاکر گھوگے نے کل اس خصوصی کیبن کا دورہ کرکے کام کاج کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کہا ہے کہ رائے دہی کے فیصد میں کمی فکر کرنے والی بات ہے۔لوک سبھا انتخابات کے ضمن میں آکاشوانی کو دیئے گئے خصوصی انٹرویو میں وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے آئندہ انتخابات میں تمام رائے دہندگان سے اپنا ووٹ دینے کی اپیل بھی کی۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے ضلع اطلاعات ونشریات افسر ڈاکٹر ملند دُسانے نے لیا گیا یہ خصوصی انٹرویو آج صبح ساڑھے دس بجے آکاشوانی سے نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ریاست کے قحط سالی سے متاثرہ علاقوں کے طلبہ کی امتحانی فیس معافی سے متعلق ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی نے تعلیمی اداروں سے طلبہ کی تفصیلات طلب کی ہیں۔قحط سالی سے متاثرہ ایک بھی علاقے کا طالبِ علم اس رعایت سے محروم نہ رہے اس کا خیال کرتے ہوئے یونیورسٹی نے تعلیمی اداروں کو ہدایات جاری کی ہیں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمانی انتخابات کے پہلے مرحلے کا نوٹیفکیشن آج جاری ہوگا؛ ودربھ کے پانچ حلقے شامل۔

☆ شہریت ترمیمی قانون کے نفاذ پر روک لگانے سے عدالتِ عظمیٰ انکار۔

☆ حزبِ مخالف جماعتوں کے قائدین کی ای ڈی اور سی بی آئی کے ذریعے تحقیقات کروانا آمریت؛ اُدّھو ٹھاکرے کی حکومت پر تنقید۔

☆ فرضی انکاؤنٹر کے معاملے میں پولس افسر پردیپ شرما کو عمر قید کی سزا۔

اور۔۔ ☆ وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے تقسیمِ اسناد تقریب میں 11 ہزار طلبہ کو اسنادات تفویض۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****